NHS

# جب آپ کے GP کے ذریعہ کسی اسپیشلسٹ کو دکھانے کے لیے آپ کو بھیجا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟



یہ پرچہ بتاتا ہے کہ جب آپ کا GP آپ کو دکھانے کے لیے کسی اسپیشلسٹ یا صلاحکار کے پاس، ہسپتال یا کمیونٹی ہیلتھ سنٹر میں بھیجتا ہے تو آپ کیا چیز پیش آنے کی توقع کر سکتے ہیں۔



اس کتابچے کی الیکٹرانک کاپی تک رسائی درج ذیل پر حاصل کریں:
**www.england.nhs.uk/patientinterface/**

یہ معلومات درخواست کرنے پر دیگر شکلوں، جیسے پڑھنے میں آسان یا چھپائی کے بڑے حروف میں دستیاب کرائی جا سکتی ہیں اور متبادل زبانوں میں بھی دستیاب ہو سکتی ہیں۔ براہ کرم **0300 311 22 33** پر رابطہ کریں یا اس پتہ پر ای میل کریں:
**england.contactus@nhs.net.**

یہ پرچہ NHS انگلینڈ، برٹش میڈیکل ایسوسی ایشن (British Medical Association) اور نیشنل ایسوسی ایشن فار پیشنٹ پارٹیسپیشن (National Association for Patient Participation) کی مدد اور اعانت سے تیار کیا گیا ہے:

N.A.P.P. BMA NHS England

پہلی اشاعت: اکتوبر 2017

## کسی اسپیشلسٹ کو دکھاتے وقت:
## آپ کی چیک لسٹ

- ☐ کیا مجھے اسی وقت نئی دوا لینا شروع کر دینا ضروری ہے، کیا ہسپتال نے مجھے کم از کم سات (یا اگر مجھے قدرے مختصر مدت تک دوا لینے کی ضرورت ہو تو کم) دن تک چلنے کے لائق رسد فراہم کر دی ہے؟
- ☐ کیا میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ دوا کس چیز کے لیے ہے، اسے کس طرح لینا ہے اور کیا اس کے کوئی ضمنی اثرات ہیں؟
- ☐ اگر مناسب ہو تو کیا مریض کے لیے معلوماتی پرچہ (Patient Information Leaflet, PIL) مہیا کرایا گیا ہے؟
- ☐ اگر میرا کوئی سوال ہو تو کیا میرے پاس اسپیشلسٹ کے دفتر کے رابطے کی تفصیلات ہیں؟
- ☐ اگر مجھے تندرستی کی پرچی (Fit Note) درکار ہے تو کیا ہسپتال نے مجھے فراہم کی ہے، اور کیا یہ اتنی مدت کو محیط ہے جتنے وقت اسپیشلسٹ مجھ سے کام سے ناغہ کرنے کی توقع کرتا ہے؟
- ☐ کیا مجھے ہسپتال کی فالو اپ اپائنٹمنٹ درکار ہے اور اگر ہے تو کیا مجھے معلوم ہے کہ اس کا اہتمام کس طرح کیا جاتا ہے؟
- ☐ اگر مناسب ہو تو، کیا میرے پاس ان تنظیموں کے نام اور رابطے کی تفصیلات ہیں جو مجھے درکار ہونے پر مزید معلومات یا تعاون فراہم کر سکتی ہیں؟

اگر چیک لسٹ میں درج کسی بھی سوال کے بارے میں آپ کو یقینی طور پر معلوم نہ ہو تو براہ کرم ہسپتال سے رخصت ہونے سے پہلے عملہ کے ممبر سے اس پر گفتگو کرنے کو یقینی بنائیں۔






## اپنے GP کو دکھانا:

### مجھے کیوں بھیجا گیا ہے؟

آپ کا GP آپ سے اور، اگر مناسب ہو تو، آپ کے نگراں سے اس بارے میں گفتگو کرے گا کہ ریفرل کی تجویز کیوں پیش کی جا رہی ہے۔ عموماً اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آپ کا GP چاہتا ہے کہ کوئی اسپیشلسٹ آپ کی کیفیت کا علاج کرنے کے بہترین طریقے کی بابت فیصلہ کرنے میں مدد کرے۔ اس میں آپ کو ایسی جانچوں یا تفتیشات کے لیے بھیجنا شامل ہو سکتا ہے جو GP سرجری میں انجام نہیں دی جا سکتی ہیں۔ آپ کا GP آپ سے اس امر پر بھی گفتگو کرے گا کہ آپ کو جہاں بھیجا جا سکتا ہے وہاں پر کون سے اختیارات موجود ہیں۔

### اپائنٹمنٹ کہاں اور کب ہے اس بارے میں مجھے کیسے معلوم ہوگا؟

GP پریکٹسز اور ہسپتال اپائنٹمنٹس کا انتظام کرنے کے لیے مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں:

- آپ کی GP پریکٹس آپ کو ایک حوالہ نمبر اور پاس ورڈ دے سکتی ہے جسے آپ آن لائن یا بذریعہ فون اپائنٹمنٹ بُک، تبدیل، یا منسوخ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس بیچ، زیادہ سے زیادہ GP پریکٹسز اسی طریقے سے مریضوں کو بھیجیں گی۔
- آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ کی تصدیق پر مشتمل ہسپتال کا خط موصول ہو سکتا ہے۔ آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو جواب دینا اور ہسپتال کو یہ بتانا ہوتا ہے کہ آیا آپ پیش کردہ تاریخ کو آ سکتے ہیں۔
- متبادل طور پر، کبھی کبھار مریضوں کو ایک خط موصول ہوتا ہے جس میں ان سے اسپیشلسٹ کے ساتھ اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے ہسپتال کو فون کرنے کو کہا جاتا ہے۔

## اسپیشلسٹ کو دکھانا:

### اگر مجھے کوئی جانچ یا طریقۂ کار درکار ہو تو کیا ہوتا ہے؟

عام طور پر، اگر اسپیشلسٹ کے خیال میں آپ کو کوئی جانچ، تفتیش یا جراحتی طریقۂ کار درکار ہو تو اسپیشلسٹ اس بات کا ذمہ دار ہے کہ:

- جانچ، تفتیش یا طریقۂ کار کا انتظام کرے، یہ وضاحت کرتے ہوئے کہ آپ کو کب اور کس طرح تاریخ ملے گی اور اگر تاریخ آپ کے لیے مناسب نہیں ہے تو کیا کرنا ہے؛ اور
- آپ کو نتائج دے اور بتائے کہ ان کا کیا مطلب ہے (یہ کام اسپیشلسٹ کے ساتھ علیحدہ اپائنٹمنٹ میں یا خط کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے)۔

### اگر مجھے نئی دوائیں درکار ہوں تو کیا ہوتا ہے؟

اسپیشلسٹ آپ کے لیے نئی دوائیں تجویز کرنے کی صلاح دے سکتا ہے یا آپ پہلے سے جو دوائیں لے رہے ہیں ان میں تبدیلیاں کر سکتا ہے۔

اسپیشلسٹ اس بات کا ذمہ دار ہے کہ:

- کسی بھی ایسی نئی دوا کے لیے سب سے پہلے آپ کو نسخہ دے جو آپ کو اسی وقت لینا شروع کرنے کی ضرورت ہو؛ اور
- کم از کم پہلے سات دنوں تک چلنے لائق کافی دوا دے، الّا یہ کہ آپ کو قدرے مختصر وقت تک دوا لینے کی ضرورت ہو۔ اس کے بعد اگر دوسرا نسخہ درکار ہو تو آپ کو اپنے GP سرجری سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ آیا آپ کو کوئی نئی دوا شروع کرنے کی ضرورت ہے یا آیا آپ پہلے سے جو دوا لے رہے ہیں اسے اسپیشلسٹ نے تبدیل کر دیا ہے، لہٰذا اگر آپ کو یقینی طورپر معلوم نہ ہو تو اسپیشلسٹ سے پوچھ لیں۔ کچھ معاملوں میں، آپ کا GP مخصوص دوائیں تجویز نہیں کر سکے گا اور آپ کو ہسپتال سے انہیں لیتے رہنا ہوگا۔ آپ کو اس بارے میں آپ کی اپائنٹمنٹ کے وقت بتا دیا جائے گا۔



### اگر مجھے تندرستی کی پرچی (جسے پہلے بیماری کی پرچی کہا جاتا تھا) درکار ہو تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کو علاج کے بعد اسپیشلسٹ کی جانب سے کام کے لیے غیر تندرست کے بطور تصدیق کروانے کی ضرورت پڑتی ہے تو:

- اسپیشلسٹ کو چاہیے کہ آپ کو تندرستی کی پرچی جاری کرے۔
- تندرستی کی پرچی اس مدت تک جب تک انہیں کام کے لیے آپ کے غیر تندرست ہونے کی توقع ہے یا اسپیشلسٹ کے ساتھ آپ کے اگلے رابطہ کے وقت تک محیط ہونی چاہیے۔

ہسپتال کے معالجہ کے بعد آپ کو تندرستی کی پرچی لینے کے لیے اپنے GP کو دکھانے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے، الّا یہ کہ کام کرنے کی آپ کی عدم اہلیت غیر متوقع طور پر طویل ہو جائے۔

### اگر مجھے فالو اپ اپائنٹمنٹ درکار ہو تو کیا ہوگا؟

اسپیشلسٹ آپ سے اس امر پر گفتگو کرے گا کہ آیا آپ کو جاری فالو اپ نگہداشت کے لیے ہسپتال میں آنا چاہیے یا آیا آپ کو ڈسچارج کرکے آپ کے GP کے پاس بھیج دیا جانا چاہیے۔ اگر اسپیشلسٹ کے خیال میں آپ کو دوبارہ دکھانے کی ضرورت ہے تو ہسپتال آپ کو دوسری اپائنٹمنٹ دے گا یا آپ کو بتائے گا کہ کب تک اس کی توقع ہے۔ اگر آپ کو کوئی جواب نہیں ملتا ہے تو براہ کرم اپنے GP سرجری کے بجائے، اسپیشلسٹ کے دفتر سے رابطہ کریں۔

### اگر میرا کوئی سوال ہو تو کیا کیا جائے؟

- اگر ہسپتال میں آپ کی نگہداشت کے تعلق سے آپ کے کوئی مخصوص سوالات ہوں تو آپ کا اسپیشلسٹ اس معاملے میں آپ کی مدد کر سکے گا لہٰذا یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آپ کے اسپیشلسٹ کے دفتر سے رابطہ کرنے کا طریقہ آپ کو معلوم ہے۔
- اگر اپنی صحت کے تعلق سے آپ کے کوئی عمومی سوالات ہوں تو آپ کی GP سرجری آپ کی مدد کر سکے گی۔